بارش کے دوران کراچی میں بجلی کی فراہمی مستحکم رہی

کراچی؛ 08 جولائی، 2023۔ کراچی کے متعدد علاقوں میں ہونے والی مونسون کی پہلی بارش کے دوران شہر کو بجلی کی فراہمی مستحکم رہی۔

کے۔ الیکٹرک کی ٹیمز صورتحال کا مسلسل جائزہ لے رہی ہیں اور تمام متعلقہ محکموں بشمول محکمہ موسمیات کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں۔ کے۔الیکٹرک کا اسٹاف بھی بارش سے منسلک کسی بھی صورتحال سے فوری طور پر نمٹنے کیلئے مکمل تیار ہے۔ جہاں شہر میں بجلی کی فراہمی کی صورتحال مجموعی طور پر مستحکم رہی، وہیں نشیبی علاقوں اور کنڈوں کی بہتات والے علاقوں میں حفاظتی نقطہ نگاہ سے بجلی کی فراہمی عارضی طور پر معطل کی گئی تھی جس کو مقامی ٹیموں سے کلیئرنس ملنے کے بعد بحال کر دیا گیا۔

کے۔الیکٹرک کے ترجمان نے 10 جولائی تک شہر میں وقفے وقفے سے ہونے والی ممکنہ بارش کے پیش نظر شہریوں سے گذارش کی کہ وہ بجلی کی تمام تنصیبات سے محفوظ فاصلہ برقرار رکھیں۔

مزید معلومات اور کسی بھی شکایت کی صورت میں صارفین کے۔الیکٹرک کے سوشل میڈیا پلیٹ فارم سے رابطہ کر سکتے ہیں یا معاونت کیلئے کے۔الیکٹرک کی لائیو ایپ اور خود کار واٹس ایپ پورٹل کا استعمال کر سکتے ہیں۔ بارش کے موسم کے دوران بجلی کی صورتحال سے متعلق ایمرجنسی شکایات کیلئے کال سینٹر118 بھی دستیاب ہوگا۔

کے الیکٹرک کا تعارف

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے، جس کا قیام پاکستان بننے سے قبل 1913 میں کے ای ایس سی کے طور پر عمل میں آیا۔ 2005 میں کمپنی کی نجکاری کی گئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں لسٹڈ ہیں اور کے ای ایس پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد حصص ہیں۔